حافظ عبدالحمید عامر کی دُعا سے یہ عظیم الشان کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ پوران اور گردونواح سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ جہلم سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور جہلمی، مولانا محمد اصغر، جناب صدیق احمد یوسفی، سیٹھی محمد ارشد اور ڈاکٹر عاطف جواد کے علاوہ کافی تعداد میں جماعتی احباب اور اہل حدیث یوتھ فورس کے جوانوں نے شرکت کی۔

جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم کی طرف سے متاثرین سیلاب میں راشن کی تقسیم

مورخہ 24 ستمبر بروز بدھ مرکزی جمعیت اہل حدیث گوجرانوالہ کی طرف سے خورد کے متاثرین سیلاب میں راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق اور گوجرانوالہ سے حافظ عمران عریف، مولانا صادق عتیق اور مولانا ابرار ظہیر کے علاوہ دیگر علماء کرام بھی موجود تھے۔ مورخہ 30 ستمبر بروز منگل جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم کی طرف سے خورد کے متاثرین سیلاب میں امدادی پیکج تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر بھی رئیس الجامعہ کے علاوہ مولانا قطب شاہ، صدیق احمد یوسفی اور سیٹھی محمد ارشد کے علاوہ دیگر جماعتی احباب موجود تھے۔ خورد میں مرزا تاسب اور مرزا جابر کی بھرپور معاونت سے راشن کی تقسیم کا یہ عمل انتہائی پرامن اور بخیرو بخوبی تکمیل پذیر ہوا۔

وفیات

مولوی محمد یحییٰ مرحوم کے داماد محمد عامر آف دینہ کو صدمہ

مورخہ 9 ستمبر بروز منگل محمد عامر جو کہ مولوی محمد یحییٰ مرحوم کے داماد ہیں ان کے والد محترم محمد نذیر کلونت پورہ باغاں تحصیل دینہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، مفتی محمد شفیع، قاری محمد بشیر، مولانا خالد مدنی، مولانا ابوبکر، مولانا خرم شہزاد، محمد وقاص، اور علی اسد یحییٰ نے شرکت کی۔

حافظ وقاص اکرم و حافظ محمد باقر (نکہ خلاص پور) کو صدمہ

مورخہ 18 اکتوبر بروز بدھ حافظ وقاص اکرم و حافظ محمد باقر کے والد محمد اکرم طویل علالت کے بعد نکہ خلاص پور میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور دیندار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ نکہ خلاص پور میں حافظ محمد اکرام خطیب جامع مسجد اہل حدیث نکہ کلاں نے پڑھائی۔

مرزا محمد صفدر کو صدمہ

مورخہ 31 اکتوبر بروز جمعہ مرزا عبدالحمید مرحوم اور مرزا محمد صفدر کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

پُرسکون عمرہ کی ادائیگی کیلئے بااعتماد نام

(لائسنس نمبر1328)

الحراء انٹرنیشنل (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ٹریولز اینڈ ٹورز

اکانومی۔3 سٹار، 4 سٹار، 5 سٹار ہوٹل کے پیکج

مختلف ممالک کے وزٹ ویزوں اور ہوٹل بکنگ کیلئے رابطہ کریں۔

ہیڈ آفس

جاوید بلڈنگ سول لائن جہلم

0544-720139
0544-720239
0321-5903002

سرائے عالمگیر آفس

حسن حسین پلازہ نزد الجنت بیکرز

0544-650560
0336-6699660
0333-5411999